## دہشت گردوں اور انکے سرپرستوں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی جائے، الطاف حسین

## عوام اپنے اتحاد سے ملک کی سلامتی و بقاء کے خلاف گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادینگے

لندن۔۔۔**24**، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہر پشاور میں مال روڈ پر سیکیورٹی چیک پوسٹ کے قریب دہشت گردوں کے خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے کے واقعہ پر دلی افسوس اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحد بالخصوص پشاور میں دہشت گردوں کی جانب سے خودکش حملوں کے واقعات میں اضافہ انتہائی تشویشناک ہیں۔الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گرد زیادہ تر دہشت گردی کا نشانہ معصوم عوام کو بنارہے ہیں تاہم ان حملوں سے عوام کو خوف زدہ نہیں کیا جاسکتا۔ملک بھر کے عوام دہشت گردوں کے سرپرستوں سے واقف ہیں،عوام درندہ صفت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کررہے ہیں اور تمام تر سازشوں کو ناکام بنادینگے۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں پر فخر ہے جو انتہائی دلیری سے دہشت گردوں کے خودکش حملے ناکام بنارہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ انتہاء پسند دہشت گرد اور انکے سرپرستوں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی جائے، دہشت گرد ملک کی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں اور دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور مال روڈ پر خودکش حملے کو فوری نوٹس لیا جائے ،شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## پاکستان سمیت دنیا بھر کی مسیحی برادری کو الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی مبارکباد

## حضرت عیسیٰ علیہ السلامؑ نے خداتعالیٰ کے پیغمبر کی حیثیت سے تاریکی اور ظلم وجبر کے دور میں انسانوں کو پیار، محبت، امن، بھائی چارے اور احترام انسانیت کا درس دیا ،الطاف حسین

لندن۔۔۔24، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کی عیسائی برادری کو ان کے مذہبی تہوار کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔کرسمس کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلامؑ نے خداتعالیٰ کے پیغمبر کی حیثیت سے تاریکی اور ظلم وجبر کے دور میں انسانوں کو پیار، محبت، امن، بھائی چارے اور احترام انسانیت کا درس دیا۔آج دنیا میں امن و بھائی چارے اور احترام انسانیت کے اسی پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم احترام انسانیت اور مذہبی رواداری پر مکمل یقین رکھتی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ پاکستان میں ایسا منصفانہ نظام قائم ہو جہاں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کو ان کے بنیادی حقوق میسر ہوں اور مذہب کی بنیاد پر کسی کے ساتھ تعصب روا نہ رکھا جائے اور سب ایک دوسرے کے مذہبی عقائد، عبادت گاہوں اور جذبات کا احترام کریں۔جناب الطاف حسین نے عیسائی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں برادری کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان سے اپیل کی کہ وہ کرسمس کے موقع پر اپنی عبادات میں پاکستان سمیت پوری دنیا میں قیام امن، دہشت گردی کے خاتمہ اور احترام انسانیت کے پیغام کے فروغ کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## الطاف حسین کی جدوجہد اور حکمت عملی سے تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان دوریاں ختم ہوگئیں، علمائے کرام

## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب کی اسفندیار خان، مفتی عثمان یار خان، علامہ علی وزیری، مرزا یوسف حسین اور شاہد غوری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں

کراچی۔۔۔24، دسمبر 2009ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے گزشتہ روز معروف عالم دین مفتی اسفندیار خان

،مفتی عثمان یار خان، علامہ علی وزیری، مرزا یوسف حسین اور سنی تحریک کے رہنما شاہد غوری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں محرم الحرام کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ ملاقات میں علمائے کرام نے حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمے کیلئے ماضی میں جو عملی کردار ادا کیا ہے یہ اسی کا ثمر ہے کہ آج تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان پیدا کی غلط فہمیاں اور دوریاں ختم ہوگئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج شہر میں ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا کا قیام فرقہ وارانہ فسادات کی سازشیں کرنے والے عناصر کی ناکامی ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ہر مذہبی تہوار اور مہینوں میں جو کردار ادا کرتی ہے وہ عوام کی امنگوں کی ترجمانی ہے۔ انہوں نے تمام مسالک اور فقہوں سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا درس دیں۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان اتحاد برقرار رکھیں اور محرم الحرام کے دوران سازشی عناصر کی تمام سازشی کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج و جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## رابطہ کمیٹی کا نارتھ ناظم آباد بلاک N شگفتہ اپارٹمنٹ کے رہائشی محمد بابر سے اظہار لاتعلقی

## عوام وکارکنان ایم کیو ایم کا نام استعمال کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع نائن زیرو پر دیں

کراچی۔۔۔24، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد بلاک N شگفتہ اپارٹمنٹ کے رہائشی محمد بابر ولد مولا بخش نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ محمد بابر ولد مولا بخش کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں۔ ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محمد بابر ولد مولا بخش جرائم پیشہ شخص ہے جو مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اور علاقے میں خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیو ایم کو بدنام کر رہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام وکارکنان سے کہا کہ وہ محمد بابر ولد مولا بخش جیسے مجرمانہ سرگرمیوں جرائم پیشہ افراد سے ہوشیار رہیں اور ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے ایم کیو ایم کو بدنام کرنے والوں افراد کی اطلاع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر دیں۔

## محمد ارشد سے رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم برطانیہ کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے کارکن محمد ارشد کے والد محمد شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد ارشد سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے محمد ارشد سے ان کے والد محمد شریف کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆